# سمعی مہارت کی مشقیں

## مشق 8

### متن

عیشہ کو نئی نئی کتابیں پڑھنا اچھا لگتا ہے۔ عیشہ نے اس ہفتے بھی اسکول کے کتب خانے سے ایک کتاب لی ہے۔ اس میں بہت سی دلچسپ کہانیاں ہیں۔ عیشہ کو یہ کتاب سات دن میں واپس کرنی ہے۔ عیشہ کی استانی نے سکھایا ہے کہ جب بھی ہم کچھ پڑھنے بیٹھیں تو اس سے پہلے علم میں اضافے کی دعا کرنی چاہیے۔ عیشہ نے دعا پڑھ کر کتاب پڑھنی شروع کی اور چار دن میں مکمل کر لی۔ اب عیشہ یہ کتاب اسکول کو واپس کر سکتی ہیں تاکہ وہ ایک اور کتاب مستعار لے سکیں۔

### سوالات

**سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (10)**

عیشہ کو نئی نئی ______ پڑھنا اچھا لگتا ہے۔ عیشہ نے اس ہفتے بھی اسکول کے کتب خانے سے ایک کتاب لی ہے۔ اس میں بہت سی ______ کہانیاں ہیں۔ عیشہ کو یہ کتاب ______ دن میں واپس کرنی ہے۔ عیشہ کی استانی نے سکھایا ہے کہ جب بھی ہم کچھ ______ بیٹھیں تو اس سے پہلے ______ میں اضافے کی دعا کرنی چاہیے۔ عیشہ نے ______ پڑھ کر کتاب پڑھنی ______ کی اور چار دن میں ______ کر لی۔ اب عیشہ یہ کتاب اسکول کو ______ کر سکتی ہیں تاکہ وہ ایک اور کتاب ______ لے سکیں۔

**سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے۔ (10)**

ا۔ عیشہ کو نئی نئی ______ پڑھنا اچھا لگتا ہے۔

کہانیاں کتابیں ترکیبیں

۲۔ عیشہ نے اس ـــــــ بھی اسکول کے کتب خانے سے ایک کتاب لی ہے۔

مرتبہ      مہینے      ہفتے

۳۔ اس میں بہت سی دلچسپ ـــــــــ ہیں۔

باتیں      کہانیاں      شکلیں

۴۔ عیشہ کو یہ کتاب ـــــــــ دن میں واپس کرنی ہے۔

سات      پانچ      تین

۵۔ عیشہ کی ـــــــــ نے سکھایا ہے کہ پڑھنے سے پہلے دعا کرتے ہیں۔

خالہ جان      باجی      استانی

۶۔ جب بھی ہم کچھ پڑھنے بیٹھیں تو اس سے پہلے ـــــــ میں اضافے کی دعا کرنی چاہیے۔

عقل      علم      پیسوں

۷۔ عیشہ نے دعا ـــــــ کر کتاب پڑھنی شروع کی۔

پڑھ      سن      دیکھ

۸۔ عیشہ نے کتاب ـــــــــ دن میں مکمل کرلی۔

چار      دو      سات

۹۔ ـــــــ عیشہ یہ کتاب اسکول کو واپس کر سکتی ہیں۔

تب      اب      جب

۱۰۔ تاکہ وہ ایک اور کتاب ـــــــــ لے سکیں۔

مستعار      ادھار      تیار

## سننے کی مشق کے بعد بات چیت

عیشہ کو کیا شوق ہے؟ آپ اپنے کسی شوق کے متعلق بتائیے۔

اسکول کے کتب خانے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟

کیا آپ اسکول کے کتب خانے سے کتابیں لیتے ہیں؟

****************************************